پارس ف نام شخص یعنے پارس بن پہلو بن سام بن نوح اور اوسکے نام سے ملک پارس آباد ہوا اور ترکی میں پارس پلنگ درندہ کو کہتے ہیں اور نام ایک پتھر کا۔

پابوس ف تعظیم کرنا اور تعظیم کرنیوالا قدم چومنا۔

پاس ف حفاظت اور چوتھا حصہ دن یا رات کا۔

بای فارسی با خاء

پخچس ع پژمردہ و گداختہ یعنے خراب اور گلی ہوئی چیز

بای فارسی با راء

پرطاس ف نام ولایت حدود روس میں ع خود پوشیدہ۔

بای فارسی با سین

پسن ف پسر یعنے بیٹا جسکو عربی میں ولد کہتے ہیں۔

پس ف پیچھے وہ چیز جو روبرو نہ ہو اور من بعد و بعد ازاں کے معنے ہیں اوس سے نکلتے ہیں اور مقابلہ پیش کے لفظ کا جیسے چپ راست کا مقابلہ چپ اور چپ کا مقابلہ راست ہے۔

بای فارسی با لام

پلاس ف ٹاٹ و درخت ڈھاک جسکے پھولوں کو گل ٹیسو کہتے ہیں و قسم پشمینہ کم قیمت و مکر و حیلہ۔

بای فارسی با نون

پنج حس ف پانچ قوتیں سمع و بصر و شم و ذوق و لمس۔

پنجہ الماس ف فولادی پنجہ جو پہلوان بناتے ہیں۔

بای فارسی با یاء

پیس ف بیماری جھل برص ہے ع مبروص یعنے کوڑھ کی بیماری

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف تا اور آخیر میں سین ہے۔

تا با الف

تاج خروس ف گل کلغہ جو ایک مشہور پھول ہے۔

تانس ع خو کرنا عادت پذیر ہونا کسی بات پر۔

تاسیس ع بنیاد رکھنا مضبوط کرنا قدیم کرنا۔

تا با جیم

تجسس ع جستجو کرنا خبر پوچھنا ڈھونڈھنا تلاش کرنا۔

تا با دال

تدریس ع پڑھانا سبق دینا درس پڑھانا علم سکھلانا۔

تدلیس ع میلا کرنا۔

تا با راے

ترس ع سپر یعنے ڈھال اور فارسی میں سخت چیز جسکا توڑنا مشکل ہو۔

ترمس ع باقلہ مصری جو کھٹا ہوتا ہے اور دواؤں میں مستعمل ہے

ترس ف خوف و خشیدن امر ترسیدن سے یعنے خوف کر اور ڈر۔

تا با سین

تسویس ع وسواس کرنا وہم میں پڑ جانا

تسدیس ع کسی چیز کو چھ گوشہ کرنا چھ حصے کرنا۔

تس ع گوز بے صدا جسکو پسکی کہتے ہیں۔

تسالس ع سالوسی مکاری و دغابازی فریب دادن

تا با عین

تعریس ع اترنا مسافر کا پچھلی رات میں سے منزل پر

تا با فاء

تفرس ع پانا کسی چیز کو اول نظر میں اوسکی علامات سے

تفریس ع پھاڑنا درندہ ہونا چارپایہ بننا۔

تفلیس معرب تبلیس نام شہر دارالملک ارمن

تا با قاف

تقدس ع پاک کرنا اور پاک ہونا پاکیزگی سے بیان کرنا

تقدیس ع پاکیزہ کرنا اور پاکی کے ساتھ منسوب کرنا کسیکو

تا با لام

تلبیس ع کپڑا پہننا لباس میں آنا مکر و فریب دادو دینا کرنا

تا با نون

تنافس ع باہم نفس زدن و فخر کردن دم لینا اور بڑائی کرنا

تنفس ع سانس لینا نفیس بننا بڑائی میں آنا۔

تا با یاء

تیس ف نر جو بکریوں کے گلہ میں رہتا ہے فارسی میں اوسکو نہاز اور ہندی میں بوک کہتے ہیں۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف جیم و آخر میں سین ہے

جیم با الف

جاموس معرب گاومیش جسکو ہندی میں بھینسا کہتے ہیں

جاسوس ع خبرگیر مخبر جو کسی غیر ملک میں جاکر خبر لائے

چاپلوس ف خوشامد کرنا اور خوشامد کرنیوالا شخص

جالینوس ایک یونانی حکیم کا نام ہے جو مشہور حکیم ہے

جاورس معرب گاورس جینہ جو ایک غلہ کا قسم ہے

جالس ع نشستندہ یعنی بیٹھنے والا مسند یا مقام پر

چارنفس ف امارہ لوامہ ملہمہ مطمئنہ یہ چار نفس انسان کے ہیں اور ان میں سے امارہ اوسکو بدی کی طرف کھینچتا ہے اور اوسکی متابعت سے انسان بد کام کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ لوامہ اوس بدی و گناہ کے کرنے پر اوسکو ملامت کرتا ہے کہ آیا تو نے یہ کام کیوں کیا ملہمہ خبردار کر دینے والا ہر ایک بات کا ہے۔ اور مطمئنہ اطمینان دینے والا اور نیک کام پر مستعد کرنیوالا ہے۔

جیم با رائے

جرس ف آواز زمزمہ مثل آواز زنگولہ وغیرہ۔

جرس ف گھڑیال جو ہر ایک ساعت وقت کے اظہار کے لئے بجاتے ہیں اور قافلوں کی روانگی کے وقت بجتا ہے

جرجیس ع نام پیغمبر جسکو دشمنوں نے چند مرتبہ قتل کیا اور وہ بار بار بحکم اعجاز زندہ ہو جاتا رہا۔

جرکس ت ترکستان میں ایک کافر قوم ہے

جیم با شین

چشم خروس ف یہ ایک قسم کے دانے جسم پر نکلتے ہین جو سرخ رنگ ہوتے ہین اور سر انکا سیاہ ہوتا ہے۔

جیم با کاف

چکش ف نشیمن بازو چرہ و پا یعنی وہ آلہ جسپر باز وچرہ کو بٹھاتے ہین۔

چکس ف وہ لکڑی جسپر باز وچرہ و باشہ کو بٹھاتے ہین۔

جیم با لام

جلیس ع ہمنشین دوست جو اسکے پاس ملکے بیٹھے ہین۔

جلوس ع بیٹھنا کسی جگہہ یا مسند یا تخت پر۔

جیم با نون

جنس ع قسم و نوع یعنی نوع انسان و نوع حیوان وغیرہ

جناس ع عبارت یا شعر مین دو لفظ لانے جو تلفظ مین یکسان ہون۔

جیم با واو

جواسیس ع جمع جاسوس کے یعنی بہت سے جاسوس و خبر گیر

چھٹی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن اول حرف حا اور اخیر مین سین ہے

حا با الف

حارس ع پاسبان چوکیدار محافظ پہرہ والا۔

حا با با

حبس ع قید بند یعنی قید کرنا اور باندھنا کسیکو

حا با دال

حدس ع دانائی و فراست جو انسان کو حاصل ہو۔

حا با راے

حرس ع نگہبانی کرنا پاسبانی کرنا حفاظت کرنا۔

حرس ع نگہبانان یعنی بہت سے محافظ و پاسبان

حا با سین

حسیس ع آواز نرم و آواز آتش جو آگ روشن ہونے کے وقت نکلتا ہے۔

حساس ع نیک اور برائی والا معلوم کرنے والا۔

حس ع دریافت کرنا کسی ایک کے ساتھ حواس خمسہ سے۔

حا با لام

حلس ع ٹاٹ اور گودڑی و خرقہ اور پرانا کپڑا۔

حلس ع مرد شجاع و بہادر جو لڑنے پر مستعد ہو۔

حا با واو

حواس ع جمع حاسہ اور وہ ایک حس ہے دس قسم پر منقسم ہے پانچ ظاہری اور پانچ باطنی حواس ظاہری تو باصرہ و سامع و شامہ و ذائقہ و لامسہ ہے اور باطنی حواس کا نام مشترک و خیال و واہمہ و حافظہ و متصرفہ ہے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول

حرف خا اور اخیر مین سین ہے

خا با الف

خانہ رس ف کچا میوہ جو گہر مین پکایا جاوے اور بظاہر نختہ معلوم ہو

خا با بار

خبلیس ع ظریف خوش طبع اور ہنسی کرنیوالا آدمی ہے

خا با رائے

خرمگس ف بڑی مکہی جو زخم پر کرم ڈالتی ہے یعنی جس زخم پر بیٹہتی ہے اوسمین کرم پڑ جاتے ہین -

خروس ف مرغ خانگی جو مشہور ہے پرندہ مرغابی بہی اوسکو کہتے ہین

خرکس ف احمق بیوقوف جاہل و بے تمیز و نادان آدمی

خرس ف ریچہ جو مشہور درندہ ہے -

خرس ع ضیافت وجشن ولادت فرزند و نیز بعض کے نزدیک جمع اخرس جسکے معنے لال اور گنگ کے ہین یعنے مرد بے زبان

خرس ع گنگ ہونا لال ہونا بے زبان ہونا -

خرس ع خم یعنے مٹکا جسمین پانی یا شراب رکہتے ہین

خراس ف آسیائے کلان جسمین غلہ پیستے ہین -

خراس ع خم بنانے والا یعنی کمہار مٹی کے برتن بنانے والا

خا با سین

خس ع کانٹے اور گہاس اور قسم گیاہ خوشبودار جسکی جڑ سے ٹٹی بنتی ہے

خس ع تخم کاہو و مرد کمینہ و بخیل و ناکس و ناآزمودہ کار -

خسائیس ع ناکسہا و زبونی ہا و زبون چیزین -

خسیس ع ناکارہ آدمی خراب و ناآزمودہ کار آدمی -

خا با میم

خمس ع پانچ -

خمس ع پانچوان حصہ یعنے پانچ مین سے ایک

خمیس ع روز پنجشنبہ جمعرات کا روز اور وہ لشکر جسکے پانچ گروہ ہون یعنے مقدمہ - قلب - میمنہ - میسرہ - ساقہ -

خا با نون

خندریس ع پرانی شراب اور پرانا غلہ گندم کا جو رہ جاتا ہے

خنوس ع کسی چیز کے پیچہے چہپ جانا کسیکے ستانے سے آنا

خنوس ع چہپ جانے والا پوشیدہ ہونے والا -

خناس ع دیو سرکشیدہ و وسواس دہندہ یعنی خیالات انسان کے شیطان اوٹہانے والا یعنے جو دل مین پیدا ہون

خنافس ع جمع خنفسہ یعنے وہ کرم جو نجاست مین پیدا ہوتے ہین سبز رنگ کے

خا با واو

خون خروس کنایہ شراب جو سرخ رنگ ہوتی ہے

خون ناموس ف کنایہ شراب جسکے پینے سے آبرو جاتی ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین سین ہے

دال با الف

داس ف دانتی جو آلہ آہنی ہوتا ہے اور خس ریک جو گندم اور جو کی خوشہ پر ہوتا ہے

دال با با

دبوس و دبوس ع گرز آہنی جو پہلوان ہاتہ مین رکہتے ہین

دبس ف دوشاب یعنے شیرہ انگور یا چہاچہ دودہ کی -

دال بارے

درس ع کتابکا پڑہنا یہ لفظ خواندن و کردن و گفتن سے مستعمل ہے

درد پیس ع رنن پیر سختی و بلا و مصیبت و آفت۔

دال باسین

دس و حس ف مثل و مانند یہ لفظ تشبیہہ مثال کا ہے۔

دسترس ف قوت زور توفیق جو انسانکو حاصل ہو۔

دال باقاف

دقیانوس ع نام ظالم بادشاہ کا جسکے خوف سے اصحاب کہف بہاگ کر غار مین چھپے تھے۔

دال بانون

دنس ع میل اور میلا ہونا یا کسی چیز کا چکین ہونا۔

دنس میلا چرکین ہونا یاکسی کا نامطبوع۔

دال باواو

دوس ع خوب کوٹنا پامال کرنا روشن کرنا صیقل کرنا اور نام قبیلہ

دال بایار

دیس ف بیاے مجہول لفظ تشبیہ مثل مانند۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف را اور اخیر مین سین ہے

را باالف

راس ع بلندی اور عزت و حرمت۔

رائے باجیم

رجس ع پلیدا اور گنہ کا عذاب جو گنہگار کو دیا جائے۔

رائے بادال

ردی الکیموس ع وہ غذا جسمین خلط غیر معتدل القوام و الکیفیت پیدا ہو اور طبیعت کو نقصان کو پہونچائے۔

رائے بافار

رفس ع پاؤن کے ساتھ ہٹانا کسی چیز کو لات سے ہٹانا۔

رائے باواو

روح القدس ع جبرئیل علیہ السلام کا یہ خطاب ہے اور معنی اسکے روح

روس ع جمع راس بمعنی مہتران و سران امیران عمدہ ادان

روس نام ایک وسیع ملک کا ہی جسکے بادشاہ کو شہنشاہ کا خطاب ہے

روناس ع مجیٹھ جس سے سرخ رنگ کپڑا رنگا جاتا ہے۔

روزہ تلنفس ع بولنی کا روزہ جو بعض اہل ہند رکھتے ہیں نیت اسکی رات کو کرتی ہین دن بھر نہین بولتے

روشناس ف پہچانا ہوا آدمی واقف اور دیکھا ہوا آدمی

رائے بایار

رئیس ع سردار قوم اور سالار لشکر اور بڑا آدمی عزت دار

ریباس ع معرب ریواج یہ ایک قسم کلم خود رو نہال ہے مزا جسکا ترش و شیرین میخوش ہوتا ہے۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول

حرف سین اور اخیر مین بھی سین ہی

سین با الف

سالوس ف خوشگو چرب زبان خوشامدی فریبندہ آدمی
ساادوس ع ششم یعنے چہٹا اور چہٹا حصہ کسی چیز کا۔
ساس ع کرم بدبو یعنی کہٹمل جو چارپائی مین ہوتے ہین
سائیس سئیس ف تیماردار اسپان یعنی گہوڑونکا خدمتگار۔
سائیس ع سیاست کنندہ و نگہبان اسپان و خادم اسپان۔
ساق عروس ف قسم شیرینی جو نہایت لذیذ ہوتی ہے

سین با بار

سبوس ع پوست گندم جو آٹے سے نکلتا ہے۔
سپس ف پس تر یعنے سب سے پیچہے۔
سپاس ف شکر و تعظیم یہ کلمہ تعظمی ہے۔

سین با دال

سدس و سدس ع چہٹا حصہ ہر ایک چیز کا۔
سدیس ع گاؤ و گوسپند و اسپ پنجسالہ و شتر ہشت سالہ

سین با راے

سرخس ف خراسان مین ایک شہر ہے۔

سین با لام

سلس ع روان و ہموار جسمین کسیطرح کی تکلیف نہو۔
سلیس ع روان و ہموار اور وہ عبارت جو نہایت صاف و آسان ہو

سین با میم

سمت الراس ع جانب سر و وسط آسمان و بلند ہے

سین با نون

سندس ع قسم دیبا بیش قیمت لباس بہشتیونکا قیامت کو ہوگا۔
سندروس ع قسم صمغ زرد رنگ جسکو کہربا کہتے ہین یہ
ایک گوند ہوتا ہے روغن کمان بہی اسی سے بناتے ہین۔

گیارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور اخیر مین سین ہی

شین با قاف

شق النفس ع شقت نفس یا محنتہا و ریاضتہای شاقہ۔

شین با میم

شمس ع آفتاب یعنے سورج جسکا مقام چوتہے آسمان پر ہے
شموس ع سرکش و بدخو و جمع شمس یعنے بہت سے سورج۔
شماس ع مہتر ترسایان اور جو شخص سر کو درمیان سے
منڈائے اور گوشہ نشین ہو اور نام اوسکا جسنے دین
آتش پرستی ایجاد کیا۔

شین با نون

شناس ف عالم پہچاننے والا چنانچہ لفظ روشناس وغیرہ

شین با یار

شیخ الرئیس ع لقب بوعلی سینا جو بڑا حکیم طبیب تہا۔

بارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے

اول حرف ضاد اور آخر مین سین ہے

ضاد با رائے

ضَرس ع فارہ بڑے دانت جس سے کھانا چبایا جاتا ہے۔

ضاد با یار

ضِیقُ النفس ع نام مرض جسکو دمہ اور کوتہ دمی کہتے ہین

تیرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور آخر مین سین ہے

طا با الف

طاس ع بڑا طشت اور بڑا کاسہ اور بڑا رکاب۔

طاقدیس ف نام تخت خسرو پرویز جو ایکسو سترگز لمبا۔

طائرِ قدس ع جبرئیل علیہ السلام کا خطاب ہے۔

طاؤس ع مور جو مشہور پرندہ ہے اور نہایت خوبصورت ہوتا ہے

طا با بار

طَبَس ع نام شہر۔

طا با رائے

طَرابُلس ع نام شہر جو شام کے ملک مین ہے اور رومی زبان مین شہر آباد کو کہتے ہین۔

طَرطُوس ف نام شہر و نام پہلوان جو نہایت نعرہ آور تھا

طَرسیقُوس ف نام بادشاہ نصارا جو بڑا عادل تھا

طا با میم

طَمس ع چھپ جانا دور ہونا فاصلہ پر ہونا۔

طا با واو

طُوس ع خراسان مین ایک شہر ہے۔

طُورسیقُوس ع زاہد نصارانی و نام بادشاہ نصارا

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور آخر مین سین ہے

عین با بار

عَبَس عَبَسِن ع ترش روئی و بول و سرگین خشک سو کھا گوبر۔

عَبّاش و س ع نام شخص مکار جو بڑا دغاباز و فریبی تھا

عُبُوس ع ترش روئی و نام بیماری۔

عَبُوس ع مرد ترش رو و پر غضب۔

عَبّاس ع نام عم آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم و فرزند علی المرتضے۔ و بمعنے شیر درندہ و مرد پہلوان

عین با دال

عَدَس ع غلہ مسور جو ایک مشہور غلہ ہے۔

عین با رائے

عَرُوس ع زن و مرد نوکدخدا مگر اطلاق اس کا اکثر نوکدخدا عورت پر ہوتا ہے۔

عَرائس ع جمع عروس یعنے بہت سے نوکدخدا لوگ۔

عِرس ع زن شوہر دار جسکا شوہر زندہ ہو۔

عُرس ع طعام عروسی و مجازاً طعام فاتحہ بزرگان جو ایک سال کے بعد ہوتا ہے -

عین با سین

عسعس ع صیغہ ماضی عسعسہ سے جسکے معنے تاریکی لانا رات کا
عُسّ ع قدح بزرگ یعنی بڑا پیالہ پانی پینے کا -
عَسَس ع شحنہ و شب گرد و محافظ شب و کوتوال جسکے متعلق شہر کی حفاظت ہوتی ہے -

عین با طاء

عطاس ع عطسہ اور وہ عارضہ جس سے عطسہ آئین
عَطَس ع چھینک -

عین با کاف

عکس ع اولٹانا اور وہ صورت جو پانی اور آئینہ میں نظر آئے

عین با یاء

عیس ع شتران سفید بسرخی آمیختہ یعنے وہ اونٹ جسکا رنگ سفیدی سرخی سے ملا ہوا ہو -

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور آخیر مین سین ہے

غین با الف

غارس ع درخت لگانیوالا باغبان جو درخت لگاتا ہے

غین با رائے

غرس ع درخت لگانا اور زمین مین لگا یا ہوا درخت -

غین با لام

غَلَس ع تاریکی شب پچھلی رات کا اندھیرا -

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور آخیر مین سین ہے

فا با الف

فارس ف سوار اسپ و مالک اسپ و بفارسی نام ولایت علاقہ ایران جسکے متعلق شیراز و اصفہان و کرمان وغیرہ چار شہر مین
فَاس ع تبر لکڑیان چیرنے کا -
فانوس ع سخن چین مجازاً چراغدان -

فا با رائے

فِرنیس ع گھوڑیکا مالک اور وہ سوار یکی چیز جو لکڑی سے بنائی جائے مثل محملہ و کشتی وغیرہ -
فَرَس ع اسپ گھوڑا جسپر سواری کیجائے -
فُرس ع فارس کے رہنے والے لوگ جنکا وطن ملک فارس ہے
فراس ع شیر درندہ اور وہ شخص جو سوار ہو -
فَرّاس ع خادم اسپ سائیس اور مالک گھوڑیکا -
فردوس ع نام بہشت و باغ جسمین انگور اور خرما کے درخت ہون
فرادیس ع جمع فردوس یعنی بہت سے انگوری باغ -
فرنگیس ف نام دختر افراسیاب جو سیاوش کے نکاح مین تھی اور کیخسرو اوسکا بیٹا تھا -

فراست حسّاس ف قیافہ پہچاننے والا شخص۔
فروس ع جمع فرس کا یعنی بہت سے گہوڑے

فا با سین

فسوس ع ہنسی ظرافت ٹھٹھا اور دریغ و حسرت اور مجہول نام شہر ہے و بیانا فسوس
فسوس ف مخفف افسوس جو مشہور لفظ ہے۔

فا با طاء

فطس ع چوڑی ناک اور چوڑی ناک والا آدمی۔
فطیس ع تیکلان یعنی بڑا ہتوڑا لوہار و نکا جس سے لوہا کوٹتے ہین

فا با لام

فلک اطلس ف فلک الافلاک یعنے عرش۔
فلس ع پیسہ تانبے کا۔
فلوس ع جمع فلس بہت سے پیسے تانبے کے

فا با یار

فیلقوس نام حکیم و نام پدر اسکندر و معنی میر لشکر
فیلاقوس و فیلوقوس نام حکیم جو یونان مین تہا۔
فیثاغورس سے نام حکیم جو یونان مین تہا۔

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف قاف اور اخیر مین سین ہے

قاف با الف

قاموس دریای عمیق اور نام کتاب جو لغت مین مصنفہ و مولفہ مجدالدین بن یعقوب فیروزآبادی ہے۔
قاوس ع بڑا جہاز اور بڑی کشتی جسپر سوار ہوکر دریا کا سفر کرین
قابوس نام بادشاہ و نام حکیم جو یونانی حکیم تہا۔

قاف با بار

قبلہ گاہ مجوس ف آگ جسکو مجوس پوجتے ہین۔
قبس ع آگ لگ جانا جل اوٹہنا۔
قبس ع آگ کا انگار جو بیدود ہوے

قاف با دال

قدس و قدس ع پاکیزگی و نام پاک کوہ و زمین نجد مین
قدوس ع بہت پاک اور نام حقتعالی جل شانہ کا۔

قاف با رار

قربوس ع بلندی پیش زین اسپ جسکو حنائی زین کہتے ہین
قرناس ع بینی کوہ و نام دیو۔
قرطبوس ع بلائے عظیم و صدمہ ہولناک۔
قرطاس ع کاغذ جسپر کتاب وغیرہ لکہی جائے۔

قاف با سین

قسطاس رومی زبان مین ترازو کلان کو کہتے ہین جسکو ہندی مین تکڑی کہتے ہین
قسیس معرب کشیش دانشمند و عالم دین نصاری۔

قاف با ضاد

قضیہ منعکس وہ مقدمہ جو بالعکس صحیح اور الٹا جھگڑا۔

قاف با طار

قطاس ع معرب تاس جسکے ترکی مین معنی

بہاڑی گای کی دُم کے ہین و موی دم گاو کوہی

قاف بافاء

قفل و قفاس ع گور کہنہ ہندا جو مشکل سے کہولا جاتا ہے -
قفس و قفص ع پنجرا جسمین جانورونکو ڈال رکہتے ہین -

قاف باقاف

ققنس ت مخفف قوقنوس نام مرغ جسکے آوازسے حکمانے علم موسیقی استخراج کیا ہے جب وہ بولتا ہے ہزارون طرح کے راگ اوس سے نکلتے ہین -

قاف بالام

قلیدس سے نام حکیم و نام کتاب علم اشکال مین
قلس ع جو چیز ایک دفعہ قے کے ساتہہ نکلے جو دو تین مرتبہ نکلے اوسکو قے کہتے ہین -
قلقاس ع اروی جو ایک مشہور ترکاری ہے -

قاف باواو

قواس ع کمان بنانے والا یا کہینچنے والا کمان کا
قوس ع کمان آلہ تیر چلانے کا جو مشہور ہے -
قومس ع ایک شہر کا نام ہے -

قاف بایا

قیس ع نام مجنون عاشق لیلی جو عرب کا رہنے والا تہا -
قیاس ع اندازہ اور اندازہ فکر کرنا کسی کام مین نگرکرنا

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف کاف اور اخیر مین سین ہے

کاف باالف

کارشناس ف عقلمند و اتالیق ہر ایک کام کو پہچاننے والا
کاس ف فارسی مین نقارہ او خنزیر یعنی خوک اور عربی مین جام شراب بہرا ہوا ہو یا نہو -
کاوس ف نام بادشاہ جسکا نوکر رستم تہا -
کابوس ع حالت سکاچہ یعنی خواب مین ڈرنا نیند مین حالت کا ابتر ہوجانا ایسی کہ ہل نہ سکے -
کاورس ع غلہ چینہ یا باجرہ کا جو مشہور ہے -

کاف بابا

کبس ع خاک سے بہر دینا چاہ کا یا نہر کا مٹی سے اور بہر و گریبان ہونا شبخون مارنا فکرمند ہونا -
کبتس ع پیشانی کے بل مغاک مین گرنا -
کبس وہ خاک جس سے چاہ یا نہر بہر دی جائے ہندی مین اس کو ملبہ کہتے ہین -

کاف بادال

کدس ع خرمن ناکوفتہ جس سے غلہ جدا نکیا ہو -

کاف باراے

کرباس ع معرب کرپاس ہندی جامہ پنبہ یعنی روئی کا کپڑا
کراریس ع جمع کراسہ کتاب کے اجزا اور سیپارے قرآن کے -
کریاس ع طہارت خانہ و بالاخانہ دربار شاہی اور محل سلطانی
کرمض ع سرگین جو مٹی مین ملا کر کہگل کرین -
کرگس ف طائر مردار خوار جس کو گجہہ کہتے ہین

کَرَفس ع آمبو و ملہ یتی یعنی اجوائین جو ولائیت مین پیدا ہوتی ہے
کَرَکبس ع چلپاسہ یہ ایک جانور کا نام ہے جسکو ہندی مین چھپکلی کہتے ہین

کاف باسین

کَس ع یار و رفیق و مرد شریف و آدمی و انسان جو لائق ہو
کُس ف شرم گاہ عورت ۔

کاف بالام

کِلس ع ایک سفید یعنی چونہ و کلی جو عمارت مین لگاتے ہین
کلیات خمس ع پانچ کلیہ منطق کے ہین اول جنس مثلاً حیوان
دوسرے نوع مثلاً انسان تیسرے فصل مثلاً ناطق چہارم
خاصہ مثلاً ضاحک پنجم عرض عام مثلاً ماشی ۔

کاف بانون

کَناس ع خاکروب جلاد و گردن زن و ناپاک آدمی
کِناس ع جائے خواب آہو و گوزن یعنی ہرن اور گوزن کے سونے کی جگہ
کَنائیس ع مساجد و معابد ترسایان جمع کنیسہ یعنی بہت سے گرجے

کاف باواؤ

کوس ف بواو مجہول یعنی کوفتن اور مجازاً نقارہ
بزرگ و صف لشکر و تیرہ و فوج و قطار و گوشہ جامہ و گلیم
وپلاس و ایما و اشارت اور نام ایک بازی کا مانند شطرنج

کاف بایار

کَیِّس ع زیرک و دانا و عقلمند و لائق و ہوشیار آدمی ۔
کیکاؤس ع نام بادشاہ جسکا ملازم رستم تہا
کُیُوس ع جمع کاسہ یعنی بہت سے کاسے اور پیالے ۔
کیلوس ع پہلا طبخ غذا کا جو معدہ مین ہوتا ہے
کیموس ع طبخ دوم غذا کا جو جگر مین ہوتا ہے ۔

انیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حروف لام اور آخیر مین سین ہے

لام باالف

لاقیس ع نام دیو جو نماز مین وسوسہ ڈالتا ہے ۔
لامِس ع چھونے والا ہاتھ کے جسم کو لگانے والا
لاس ع ابریشم کم قیمت خراب ریشم ۔
لامساس ع مجہکو ہاتھ مت لگا ۔

لام بابا

لُبس ع کپڑا پہننا ۔
لِباس ع پوشاک انسان کے پہننے کے ۔
لَبوس ع جامہ پوشش زرہ ۔
لِبس ع وہ پوشاک جو پہنی جائے ۔

لام بامیم

لَمس ع ہاتھ لگانا چھونا جماع کرنا ۔

لام باواؤ

لوس ع بواو مجہول تملق و چاپلوسی ۔

لام بایار

لَیُّوس ع بے غیرت دیوث بے حمیت آدمی ۔
لیثرغش ع سرسام بلغمی جو ایک مہلک مرض ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور آخر مین سین ہے

میم با الف

مأیوس ع عربی مگر مستعمل فارسیان نا امید۔
مأنوس ع خو کیا گیا پسند و مرغوب۔

میم با تار

مُتَلَبِّس ع کپڑا پہننے والا چھپنے والا پوشیدہ۔
مُتَجَسِّس ع ڈہونڈہنے والا تلاش کرنے والا۔

میم با ثار

مثرودیطوس یے ایک معجون مرکب کا نام ہے۔
مثرودطاس یے بڑا طشت جسمین شربت کہاتے ہین

میم با جیم

مَجَسّ ع ہاتہہ رکہنا طبیب کا نبض پر نبض دیکہنا۔
مَجْلِس ع بیٹھنے کا مقام جلوس کا مقام۔
مَجَالِس ع جمع مجلس یعنے بہت سے بیٹھنے کے مقام
مَجُوس ع آتش پرست لوگ جو لوگ آگ کو پوجتے ہین
مجلس نویس ع واقعہ نویس و اخبار نویس وغیرہ۔

میم با حار

مَحْبِس ع قیدخانہ جسجگہہ کسی قیدی کو قید کیا جائے
مَحْسُوس ع دریافت کیا گیا ساتہہ ایک کے حواس خمسہ سے

مَحْبُوس ع قید کیا گیا حبس مین رکہا گیا۔
مَحْرُوس ع نگاہ رکہا گیا حفاظت کیا گیا۔

میم با خار

مُخَمَّس ع پانچ گوشہ کیا گیا اور پانچ مصرعہ کی نظم۔

میم با دال

مُدَرِّس ع پڑہانے والا درس کہنے والا آدمی۔
مُنْدَرِس ع پرانا بوسیدہ بے رونق اوٹہا ہوا درس یا ہوا شخص
مَدَارِس ع پڑہنے کے مقام جمع مدرسہ کی ہے۔

میم با رائے

مَرْؤُس ع تابع و خادم و رعیت جو حاکم کے زیر حکم ہو
مَرَس ع وہ رسن جو گہوڑے اور گائی کے گلے مین باندہتے ہین و طبیب کی حال اور رسن اور رسن لٹکا ہا
مَرَس ع نام بیوہ بینجوش بہی جسنا لڑکی کا انگلی کو اور درد علاج کرنیوالا اور

میم با سین

مِسَاس ع ہاتہہ لگانا چہونا جماع کرنا نزدیک ہونا۔
مِس ع تانبا جو ایک قسم کی دہات ہے۔
مَس ع ہاتہہ سے ملنا اور چہونا جماع کرنا۔
مُسْتَأْنِس ع الفت پکڑنے والا محبت انس کرنیوالا۔
مُسَدَّس ع شش گوشہ اور چہہ مصرع کی نظم۔
مَسْقَطُ الرّاس ع جائے ولادت و وطن جسجگہہ انسان رہتا ہو

میم با عین

مَعْکُوس ع نگونسار یعنے اولٹا سر نیچے پانو اوپر۔
مَعَارِس ع جمع معنس جوان اور کنواری لڑکیان۔
مَعَارِس ع اُترنیکی منزلین جہان مسافر مقام کرین۔

میم با غین

مُغرَس ع درخت لگانا تخم درخت کا بونا۔

میم با فا

مُفلِس ع تنگ دست و نادار و محتاج آدمی

میم با قاف

مُقوقِس ع نام مرغ طوق دار و لقب حاکم مصر و اسکندریہ جو اول ترسا تہا پہر مسلمان ہوا۔

مِقیاس ع اندازہ لینے کا آلہ۔

مُقتبِس ع آگ لینے والا روشنی لینے والا فیض حاصل کرنیوالا

مُقدِّس ع پاک آدمی جو گنہ سے پاک ہو۔

مَقناطِیس ع چمک پتہر سنگ آہن جو لوہے کو اپنی طرف کہینچ لیتا ہے۔

مُقوَّس ع خمدار چیز جو کمان کی شکل پر ہو۔

میم با کاف

مُکاش ع توقف کرنا صاحب کا لاکا اوسکی بیع مین

مِکناس ع جاروب جس سے جگہہ صاف کرتے ہین

مُکیِّس ع امالہ مکان یعنی معاملہ مین تنگی و طلبی کرنا و مرد با وقار اور نہایت تاکید اور مبالغہ کرنا۔

مُکتنس ع خس و خاشاک روبندہ۔

مگس ف مکہی جو مشہور جانور ہے۔

میم با لام

مَلبُوس ع پہننے کی کپڑے مثل پیراہن و قبا و کلاہ وغیرہ

مَلابِس ع جمع ملبس بمعنی پوشش و لباس۔

مُلتبِس ع پوشیدہ اور اشتباہ کیا ہوا۔

مُلتبَس ع لباس پہنایا گیا چہپایا گیا۔

مُلتمِس ع التماس کرنیوالا آرزو کرنیوالا عرض کرنیوالا

مِلماس ف قلم جس سے لکہتے ہین۔

میم با میم

مُماس ع آپس مین گہسایا ہوا اور گہسانے والا اور جگہہ گہسانے کی یعنی بمعنے فاعل و مفعول ظرف ماخوذ مس سے

میم با نون

مُنغمِس ع غریق او و پانی مین ڈوبنے والا۔

مُندرِس ع پرانا و فرسودہ۔

مُنکوس نگون سار و سرنگون۔

مُنطمِس ع نیچے بیٹہنے والا نیست و نابود ہونیوالا

منکلوس ع نام شہر۔

مُنجِّس ع ناپاک کرنے والا۔

مُنعکِس ع عکس قبول کرنیوالا یعنی جو چیز عکس قبول کرے

میم با واو

مُونِس ع ہمدم و آرام دینے والا۔

مُوسِّس ع استوار کرنیوالا بنیاد بنانے والا

میم با ہا

مُہندِس ع جو علم ہندسہ کا جانتا ہو۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین سین ہے

نون باالف

ناموس ع عصمت و عفت و توقع حرمت خلق سے و نیکنامی و تدبیر و سیاست و ملائک و احکام آلہی و جبرئیل علیہ السلام و قاعدہ و دستور و بانگ و صاحب راز و مکر و حیلہ پنہانی۔

ناسپاس ف ناشکر و ناقدر شناس۔

ناکس ف فرومایہ و نالایق کم حیثیت و نادان آدمی

نا کَس ع نگونسار و سرنگون اور اولٹایا ہو۔

ناخس ع نام بیماری جس سے بیمار کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اوس کے جسم مین کوئی سوئیان چبھوتا ہے

نارَس ف میوہ خام و نارسیدہ یعنی کچا میوہ

ناوس ع آتش کدہ جہان مجوس آگ جلاتے ہین

ناس ع اسم جنس بمعنے ایک آدمی اور بہت آدمی

ناقوس ع سنکھ جو ہندو عبادت کیوقت بجاتے ہین

نون باباء

نبراس ع چراغ روشن اور شمع روشن ہو۔

نبس ع دہوتی یا دہوتا جو لڑکی کی اولاد ہو۔

نون باجیم

نجِس و نجَس ع پلید و ناپاک اور ناپاک ہونا پلید ہونا

نون باحاء

نحاس ع مس یعنے تانبا و دود بے شعلہ آتش۔

نِحاس ع سرشت و اصل و طبیعت اور تانبا جو مشہور دہات ہے۔

نون باخاء

نخس ع کسیکی انگلیون کو ہاتہہ مین پکڑ کر دبانا۔

نخّاس ع بردہ فروش و حیوان فروش و مجازاً وہ بازار جسمین غلام اور حیوان فروخت ہون۔

نون باراء

نرگس ف مشہور پہول ہے جسکو شعرا آنکہہ کے ساتھہ تشبیہ دیتے ہین

نرجس ع معرب نرگس جو مشہور پہول ہے۔

نون باسین

نسناس نام ایک حیوان جو ایک پانوسے کودتا ہے اور بعض کے نزدیک نِسناس ایک جانور نصف بصورت انسان اور نصف بصورت حیوان کے ہے اور بزبان عربی کلام کرتا ہے۔

نون باعین

نُعاس ع غنودگی اور سونا او نگہنا۔

نون بافاء

نفاس ع عورت کی زچہ ہونیکے ایام جسمین خون آتا ہو

نفائس ع جمع نفیسہ تحفے۔

نفَس ع دم جو گلے کی راستے آتا جاتا ہے جمع اسکی انفاس ہے

نفس ع جان و روح و حقیقت شے و ہستی و عین ہر چیز یعنے ہر ایک چیز کی عین ذات و اصل جسم اسکی

نفوس و انفس ہے اور نفس تین قسم پر منقسم ہے اول امارہ جو بدی پر امر کرتا ہے دوم لوامہ یعنی بدی پر ملامت کرنیوالا سیوم مطمئنہ جو عبادت سے تسلی پاتا ہے۔

نفوس ع جمع نفس روح ہا و جانہا یعنے بہت سے روحین اور جانین۔

نفنیس ع چیز گران مایہ و لطیف و پسندیدہ مطبوع طبع

نون با قاف

نقوماجس ے نام پدر ارسطو و استاد سکندر جس سے سکندر نے تعلیم پائی۔

نقرس ع نام درد شدید جو پاون کی انگلیون اور رشتا لنگ مین ہوتا ہے۔

نون با کاف

نکس ع عود کرنا بیماری کا اور نگون کرنا یعنے اولٹا لینا۔

نون با واو

نورس ف میوہ تازہ و ہر چیز جدید اور نام کتاب بقوانین موسیقی بزبان ہندی۔

نوامیس ع جمع ناموس عزتین آبروئین۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف واو اور اخیر مین سین ہے

واو با الف

واپس ف ہٹتا ہوا لوٹتا ہوا ہٹ جانا اور لوٹنا۔

واو با رائے

ورخس ع وہ ورم جو بُن ناخن مین پیدا ہوتا ہے اور سخت درد ہوتا ہے۔

واو با سین

وسواس ع خدشہ و خطرہ جو دل مین پیدا ہو اور انسان وہم مین پڑ جائے۔

وساوس ع جمع وسواس کے لفظ کی بہت سے خدشے۔

واو با کاف

وکس ع نقصان و زیان و خسارہ جو کسی چیز مین پیدا ہو

واو با یاے

ویس ف بیائے مجہول نام معشوقہ جسپر رامین عاشق ہوا تھا و بمعنے مثل و مانند۔

ویس ع کلمہ استحقار ہے یعنے یہہ حقارت کا لفظ ہے

تیئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہائے اور اخیر مین سین ہے

ہائے با رائے

ہرماس ع شیر درندہ جو مشہور چارپایہ ہے

ہرمس ع اسم اصلی ادریس نبی علیہ السلام کا ہے

ہراس ع خوف و دہشت و ڈراؤ و دباؤ۔

ہائے با میم

ہم نفس ف شریک مددگار یار دوست رفیق۔

ہائے با واؤ

ہواجس ع خطرات شیطانی اور وسواس اور خدشے جو دلمین انسان کے پیدا ہون۔

ہائے با یاء

ہیچکس ف ناکس ناکارہ خراب آدمی بیکار شخص۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یار اور اخیر مین سین ہے

یا با الف

یاس ع فارسی مین مخفف یاسمن اور عربی مین نا امیدی و مجروحی۔

یابس ع خشک کرنیوالا اور خشکی دینے والی چیز۔

یائے معکوس ع اولٹی یا جو اس شکل پر لکہی جاتی ہے (ے)۔

یا با با

یبس ع خشک ہونا اور خشکی و بے آبی و بے رونقی۔

یا با واؤ

یونس نام پیغمبر علیہ السلام جنکو مچھلی نگل گئی تھی اور پھر سلامت نکلا تھا۔

تیرھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف شین ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین چھبیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین شین ہے

الف با بار

آب گردش ف روزی و قسمت و نصیب جو انسان کو ملتا ہے۔

ابرش ف سرخ و سفید رنگ کا گھوڑا بعض کے نزدیک ابلق گھوڑا۔

الف با تار

آتش ف آگ جسکو عربی مین نار کہتے ہین۔

اَتمش ت ترکی مین بمعنے کردہ یعنے کیا ہوا۔

الف با خاء

اَخفش ع جسکی آنکھین آفتاب مین نہ کھلین مجازاً شبپرہ جو مشہور جانور ہے اور نام ایک شخص کا جو علم صرف و نحو و قراءت مین امام تہا چونکہ وہ بہی تمام رات بیدار رہتا تہا اسلیئے اس خطاب سے مخاطب ہوا۔

الف با دال

آدرفش ف ستالی یعنے وہ آلہ جس سے چرم مین سوراخ کرتے ہین۔

آدِنیش و آذیش آتش و خش و خاشاک و چوب دہلیز یعنے دروازہ کی لکڑی۔

آدرخش ف صاعقہ و برق۔

الف با راے

آرش ف نام پہلوان جو ایران مین تیر اندازی کا اوستاد تہا مجازاً مرد بہادر و جوان مرد۔

آرَش ف ہاتہ یعنے آرنج سے سر انگشت تک کا فاصلہ جسکو ہتی کہتے ہین و نام شہر و نام جامہ سبز رنگ جو نہائت قیمتی ہوتا ہے۔

اِرِش ف عاقل و زیرک و دانا و مقدار ہر دو دست آدمی اور عربی مین بمعنے فتنہ و جنگ و فساد و لڑائی۔

ارتعاش ع کانپنا اور نام بیماری جسکو رعشہ کہتے ہین

آرائش ف آراستگی و نیا زینت و نیا سنوارنا کسی چیز کو۔

آرامش ف آرام و آسائش کرنا۔

آزمائش ف آزمانا کسیکو کسی بات پر۔

الف با سین

اِستِعماش ع ضعیف البصر کرنا کم نظر کرنا۔

اِنسِیش ف وہ کرم جو نمد و پوستین و گندم مین پڑ جائین۔

آسائش ف آرام کرنا۔

الف با شین

آش وہ طعام رقیق جسکو پانی کیطرح پی سکین

الف با طاء

اُطرُوش ت کر یعنے بہرا جو سُن نہ سکتا ہو

الف با عین

اَعمَش ع وہ شخص جسکی آنکھون سے پانی بسبب مرض کے جاری ہو۔

الف با غین

اَغلمش ت نام بادشاہ ترک جو بڑا عالیجاہ تہا۔

آغوش ف بغل و کنار و بندہ و غلام و کنیز کو کہتے ہین

الف با فاء

اِفتتاش ع تفتیش کرنا ڈہونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔

الف با کاف

اِکدُوش و اِکدِش ت محبوب اور وہ آدمی

یا گھوڑا جسکا باپ ہندوستانی یا ایرانی اور ما
اور ملک کی رہنے والی ہو مجاز امر کب و مجموعہ
آگندہ گوش ف وہ شخص جو کسی کی نصیحت
نہ سُنے جان بوجھہ کر بہرا بنے ۔

الف با لام

اَلتمش ت فوج ہراول و سردار فوج و
شمش و خطاب سلطان شمس الدین غوری بادشاہ ہند کے
اُلُش و الوش ت بچا ہوا کہانا امراؤ کا
جو نوکر کہاتے ہین ۔
اُلُمش ترکی مین بمعنے شدہ یعنے ہوا ہوا
آلایش ف آلودہ ہونا کسی خراب چیز سے

الف با میم

آمرزش ف بخشنا معاف کرنا گنہ کسی گنہ گار کا
آموزش ف سیکھنا علم و ہنر کا اوستاد سے
آمیزش ف ملنا یکجہتی پیدا کرنا یکجان و یکدل ہونا ۔

الف با نون

اِنتباش ع برہنہ کرنا اور کفن چورانا مردے کا
اندیش ف سوچ فکر اندیشہ غور ۔

الف با واو

اَوباش ع مردم مختلف اور سایہ مین ملے ہوئے ہون و
مردم فرومایہ و ناکس جمع بوش اور فارسی مین بمعنے مفرد مستعمل ہے

الف با ہائے

آہ نہنگش ف وہ آہ جو ضبط کر لیجائے اظہار اوسکا نہو

الف با یا

اِیگدش ت دو چیزین ملی ہوئی ہون یعنے وہ
آدمی یا گہوڑا جسکی ما اور ولایت اور
باپ اور ولایت کا ہو ۔
اِیتمش ت بہ یائے غیر ملفوظ بمعنے فرود آمدہ
یعنے ایلچی اوترا ہوا کسی مقام پار ہتی سے ۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف با اور آخر مین شین ہے

با با الف

بارش ف مینہہ برسنا ۔
بارکش ف بوجھہ اوٹھانا اور بوجھہ اوٹھانیوالا
باش ت ترکی مین سر کہ اور عربی مین راس
بازی گوش ف شوخ و شنگ اور کھیلنے والا خوش مزاج
بالقمش ت ترکی مین بمعنے دیدہ شدہ یعنے دیکھا گیا
باخمش ترکی مین بمعنے دیدہ یعنے دیکھا ۔
بادفروش ف خوشامد گو و لاف زن اور ہند مین
نام ایک قوم کا جسکو بہاٹ کہتے ہین ۔
بادریش ف غرور و لاف و ترقی و افزایش
بالش ف تکیہ جسکو نیچے رکھین مع بالیدگی یعنے
پہولنا اور وہ تکیہ جس مین پہہری ہوئی ہون

با با خاء

بخشایش ف گناہ بخشنا معافی دینا کسیکو۔

بخش ف حصہ و نصیب و بہرہ جو کسیکو ملے۔

بخش بخش ف پارہ پارہ حصہ حصہ ٹکڑی ٹکڑی۔

با با دال

بدخش ف مخفف بدخشان جو ایک مشہور ملک ہے۔

بدکیش ف بدمذہب جسکا مذہب بد ہو۔

بداندیش ف بدخیال بدنیت جسکی نیت اچھی نہو۔

با با راے

برش ف قاش خربزہ خربوزہ کا چھلکا یا ٹکڑہ۔

با با شین

بشش ف ہر چیز کا بند اور لوہے کے بند جو صندوق وغیرہ پر لگاتے ہین اور جوڑ جو چاندی سونے پر لگایا جاتا ہے یعنے ٹانکا۔

با با طاء

بطش ف حملہ و سخت گیری یعنے حملہ کرنا مضبوط پکڑنا

با با کاف

بکتاش ت نام شاہ خوارزم یعنی خیوا کے ملک کو شاہ کا نام

با با نون

بنکش ف ایک ملک کا نام ہے

بنفش ف کبود رنگ نیلگون جسکا رنگ بنفشہ کے پہول جیسا ہو۔

بنات النعش ف سات ستارے جو قطب شمالی کے پاس ہین

بناگوش ف نرمہ گوش کان کے نیچے کا گوشت۔

بنوماش ف غلہ سبز رنگ یعنے مونگ جسکا رنگ سبز ہے۔

بونش گروہ و خورد نانی و مرد درویش عیالدار اوباش اسکی جمع ہے۔

با با یاے

بیش ف زیادہ بڑھکے۔

بینش ف دیکھنا نظر کرنا مجازاً عقل و دانش۔

بے خویش بیخود بے ہوش و مست و بیخبر۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول باے فارسی اور اخیر مین شین ہے

باے فارسی با الف

پاغوش ف غوطہ جو کوئی پانی مین لگائے۔

پالوش ف کافور مغشوش یعنی ناخالص کافور جسمین آمیزش ہو

پاینده کیش ف نام شہر و نام جزیرہ و زمین نمناک۔

پالایش ف صاف کرنا درست کرنا اچھا بنانا۔

پاش پاش ف ٹکڑے ٹکڑے ذرہ ذرہ علیحدہ علیحدہ۔

پاداش ف مطلق جزا و جزای کار بد جو گنہگار کو دیجائے

پاپوش ف جوتا جو انسان پانو مین پہنتے ہین۔

باے با راے

پرورش ف پالنا کسی بچہ وغیرہ کو مہربانی کرنا۔

پرسیادش ف آسمان پر ایک شکل مرکب چہبیس ستارون سے ہے عرب مین اسکو راس الغول کہتے ہین۔

پریشں ف امر پریشان سے یعنے پریشان کُن و بمعنے فاعل یعنے پریشان کنندہ چنانچہ خاطر پریش۔

پردہ پوش ف پردہ چہپانے والا شخص۔

پرستش ف عبادت کرنا بندگی کرنا پوجنا کسیکو

پرسش ف پوچہنا دریافت کرنا کسی حال کا۔

پرخاش جنگ و خصومت و لڑائی و عداوت و بغض و کینہ۔

بائے با ژ ار

پژوہش ف جستجو و تلاش کرنا ڈہونڈہنا

بائے باسین

پس و پیش ف آگے پیچہے ایدہر۔اودہر

بائے بالام

پلنگتوش ف نام اوس شخص کا جو شاہ توران کی طرف سے وکیل ہوکر شاہ عباس کے پاس گیا تہا

بائے باواو

پوزش ف عذر و معذرت جو اپنے گناہ پر کیا جائے۔

پوش ف امر یعنے چہپا اور فاعل چہپانیوالا چنانچہ پردہ پوش۔

بائے بایار

پیش ف آگے روبرو۔

پیچش ف پیچ و تاب۔

پیشکش ف تحفہ و نذرانہ جو کسیکو دیا جائے۔

پیمائش ف ماپنا اندازہ کرنا کسی چیز کا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف تا اور اخیر مین شین ہے

تا با الف

تازش ف دوڑنا کسی پر حملہ کرنا۔

تاش ف صاحب و یار و شریک و ہمراہ و ہم سبق۔

تابش ف چمک روشنی سورج چاند وغیرہ کی۔

تارکش ف وہ شخص جو چاندی کا تار بناتا ہے۔

تلاش ت تفحص و جستجو مگر صحیح تلاش ہے۔

تا با جیم

تجمّش ع ماخوذ جمش سے یعنے آگے بال مونڈنے اور آواز باریک اور بازی و عشق اختیار کرنے کے ہین۔

تا با خاء

تخش ف بالا و صدر مجلس اور تیر آتشبازی اور ایک قسم کی کمان۔

تا با رائے

ترَاشِ ف افتخار و آرایش و طمع و توقع و امید
ترکش ف اصل مین تیرکش تہا آلہ تیر رکہنے کا۔
ترُنش وتُرَنش ف کٹہا مزہ عربی مین حامض کہتے ہین۔

تا باشین

تِشْ ف مخفف تیشہ جس سے لکڑی کترتے ہین
تشویش وتشْوِیش ع پریشان کرنا اندیشہ ناک کرنا غمناکی مین پڑنا۔

تا باعین

تعطش ع تشنہ ہونا یعنے پیاسا ہونا گدہے کا
تعریش ع تخت پر لیجانا سر اوٹہانا منہ کہولنا
تعیش ع اسباب معیشت کا بہم پہونچانا۔

تا بافا

تفش ع نہایت گرمی اور سخت گرمی جو پڑتی ہے
تفتیش ع کہودنا ڈہونڈنا تلاش کرنا جستجو کرنا۔

تا باقاف

تقدمۃ الجیش ع پیشواے لشکر جو لشکر کے آگے چلے۔

تا باکاف

تکش ت نام بادشاہ جو خوارزم مین حاکم تہا۔

تا بالام

تلاش ت سعی وجستجو مگر تالاش کہنا غلط ہے۔

تا بانون

تنقیش ع نقش کرنا کسی چیز کا کاغذ وغیرہ پر۔

تعیش ع عیش کرنا آرام مین آنا خوشی کرنا۔
تنگ عیش ف مفلس و نادار و محتاج آدمی۔

تا باواو

توش ت سینہ اور قوت و توانائی جسم۔
توحش ع وحشی ہونا بے عقل و بے شعور رہونا۔

تا بایا

تیرتخش ف تیر ہوائی و تیر ناوک و تیر آتشبازی۔
تیر روی ترکش ف بہت اچہا تیر۔
تیش ت دندان اور لفظ تیشہ کا اسی سے لیا گیا ہے۔
تیرکش ف ترکش تیرون کا یا چلہ کمان کا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے ابتدا مین حرف جیم اور اخیر مین شین ہے

جیم باالف

جاش ت تودہ غلہ اور انبار ہر چیز کا جو جمع ہو

جیم بابا

جبہۃ الدرویش ع آفتاب پرستان جاڑونکا ساگ

جیم باحا

جحش ع بچہ خورد و بچہ اسپ و نام صحابی
جحمرش ع زن پیر یعنے بڑہیا عورت۔

جیم بارا

جَرِیش بلغور یعنی دلیا ناج کا گیہون کا ہو یا کسی اور غلہ کا۔

جیم با شین

جَشِیش بلغور یعنی دلیا پختہ ہو یا خام ناج کا۔
جشیش ع بلغور یعنے دلیا پختہ ہو یا خام۔

جیم با عین

جَعشوش ع مرد زشت رو و بدشکل و بصورت۔
جَعاشیش ع مردان زشت رو و بدصورت و بدشکل

جیم با میم

جَمّاش ع مرد دلیر و شوخ اور کہیلنے والا خوش طبع

جیم با نون

جنیبت کش ف امیر آخور دارو غہ اصطبل اور گہوڑ یکا کو

جنبش ف حرکت مین آنا ہلنا کسی چیز کا۔

جیم با واو

جوش ع ہنڈیا ابلنا دیگ کا اور شور کرنا دل کا۔
جوش ف سینہ انسانکا چہاتی آدمی کی۔
جوش ف فارسی مین حلقہ اور راو بلنا دیگ کا
اور دہڑکنا دل کا۔
جوارش ف وہ مرکب دوا جو خوش مزہ
خوش ذائقہ ہو۔
جوشش ف جوش کہانا کسی دیگ وغیرہ کا

جیم با یے

جَیش ع لشکر ابلنا دیگ کا دہڑکنا دل کا
جیوش ع جمع جیش یعنے بہت سے لشکر اور جوش

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل جیم فارسی اور اخیر مین شین ہے

چاوش ت نقیب لشکر کا قافلہ کا خبرگیر و محافظ
چالش ف حملہ جنگ کا جو دشمن پر ہو۔
چالیش ف خرامیدن یعنے ناز سے چلنا کسی کا
چاش ف خرمن گیاہ یعنے گہاس کا انبار
چاربالش ف مسند و اربع عناصر و چار طرف

جیم فارسی با بائے فارسی

چپقلش ت جنگ شمشیر تلوار کی لڑائی
جسمین اور ہتیار استعمال نہو۔

جیم با شین

چش ف مخفف چشم یعنے آنکہہ۔

جیم با کاف

چکش ف دست افزار آہن گران جسکو
سطرقہ کہتے ہین اور جائے نشست بازو جغد
و بلبل جسکو اڈا کہتے ہین۔
چگلمش ت کی مین بمعنی کشیدہ شدہ یعنی کہینچا گیا

جیم با میم

چمگروش ف خرامش بناز یعنے ناز سے

چلنا اور کہیلنا۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف حا اور اخیر مین شین ہے

حا با باء

حبش ع ملک کا نام ہے جو مشہور ملک ہے۔

حا با شین

حشیش ت گیاہ خشک یعنے سوکہی گہاس۔
حشایش ع جمع حشیش جسکے معنے سوکی گہاس کے ہین

حا با لام

حلقہ بگوش ف غلام زرخرید یعنے مول لیا ہوا غلام وخدمتگار۔

حا با نون

حنش ع سانپ اور ایک قسم سانپ کا جو زہریلا ہوتا ہے۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف خا اور اخیر مین شین ہے

تحاموش ف چپ چپ کرنا اور چپ کرنیوالا شخص

خاش ف مادر زن و مادر شوہر یعنے ساس۔
خانہ بدوش ف مسافر فقیر و بے تعلق غریب آدمی۔
خام ریش ف مسخرہ کم عقل و نادان بیوقوف۔
خارش ف کہجلی جو ایک بیماری جلدی ذیجان کو ہوتی ہے۔

خا با رائے

خروش ف شور و غوغا و فتنہ و فساد۔
خردہ فروش ف بساطی جو چہوٹی چہوٹی چیزین بیچتا ہے۔
خراش ف چہیلنا کسی چیز کو۔
خرگوش ف مشہور جانور ہے۔
خروس عرش ف ایک مرغ عرش پر ہے صبح کو اوّل وہ جب بانگ دیتا ہے تو زمین پر بہی سب مرغ بولتے ہین۔

خا با فاء

خفاش ش شبپر مشہور جانور ہے جو رات کو اوڑتا ہے۔

خا با لام

خلاش ع گل دلائی یعنے کیچڑ شور و غوغا و فتنہ و فساد۔
خلیش ع بمعنے خلیدن و خصومت و مناقشہ۔

خا با واؤ

خوش ف شاد و خوب اور بعضے خامحض غلط ہے۔

خواہش ف تمنا و آرزو و امید یہ کہنا کہ چاہئے

خورش ف خوراک جو انسان یا حیوان کہاتا ہے

خویش ف ہم قوم و قریب و بمعنے خود بمعنے اپنے

خواجہ تاش ف ایک آقا کے دو نوکر ایک اوستاد کے دو شاگرد۔

خواب خرگوش ف تغافل و کاہلی و سستی و کم توجہی۔

خا با یائے

خیرہ کش ف ضعیف کو مارنیوالا ظالم ستمگار صاحب جور و جفا

خیش ایک قسم کی پارچہ کتان کا نام ہے اور بعض کے نزدیک وہ کپڑا جسکو کہیس کہتے ہین۔

خیلتاش ف صاحب و امیر و نوکران جو ایک جگہہ نوکر ہوتے ہین

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف دال اور اخیر مین شین ہے

داش ف جسجگہہ آگ بہت جلے مثلاً بہٹی چونہ وغیرہ کی قسم تنور جسمین قلیہ پکاتے ہین۔

دانش ف عقل و دانائی جو انسان کو حاصل ہے

دال با رائے

دراز گوش ف ایک قسم کا گدہا جسکے کان لمبے ہوتے ہین اور اسی پر حضرت عیسیٰ سوار ہوتے تہے۔

دُرباش ف مخفف دورباش نیزہ کوچک دو شاخہ

دَرویش ف دریوزہ گر سوالی اصل مین یہہ لفظ درویزہ تہا۔

دُرفش ف پارچہ رستہ گوشہ جو علم کے سر پر باندہتے ہین۔

دَرفش ف آلہ آہنی جس سے چمڑے مین سوراخ کرتے ہین۔

دُرخش ف برق و فروغ و روشنی۔

دروش ف نشتر جس سے فصد لیتے ہین یعنے خون نکالتے ہین۔

دال با زائے

دَزلمش ت آراستہ کی ہوئی چیز اور درست کی ہوئی۔

دال با سین

دستخوش ف دست مال و قدرت و استعمال و مشق۔

دستکش ف آزمایش و دست فرسودہ و تحفہ جو کسیکو دیا جائے۔

دال با غین

دغلمش ت کی ہیں یعنے شگفتہ شدہ یعنی پیدا ہوگیا

دال با میم

دمکش ف جو شخص کسی دوسرے کے ساتہ ملکر گائے

دال با واو

دوش ف شب گذشتہ اور مونڈھا۔
دوشش ف بازی نرد کا داؤ بتعداد دو دو
دودکش ف روزن دھوان نکلنے کا۔
دوراندیش فع دور کی بات سوچنے والا۔ آگے کی بات کا خیال رکھنے والا۔
دورباش ف ایک قسم کے نیزہ خورد کا نام ہے جسکی نوک دو شاخہ ہوتی ہے اور بادشاہ کی سواری کے آگے چوبدار کے ہاتھ ہوتا ہے دور سے جو اوسکو دیکھتا ہے الگ ہو جاتا ہے

دال با ہا

دہش ف سخاوت اور دینا و بخشنا کسی چیز کا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوّل حرف رائے اور اخیر مین شین ہے

رائے باالف

رامش ف نغمہ و سرود یعنے گانا جو گایا جاتا ہے
راشن فع تودہ وانبار غلہ کا جو ایک جگہہ جمع ہو

رائے باخار

رخش ف وہ گھوڑا جو سفید و سرخ ملا ہوا رنگ کہتا ہو اور نام رستم کے گھوڑے کا جانا ہو گیا ہو

رائے باشین

رشش ف تیر ہوان حصہ ہر چیز کا اور ایک قسم کا جامہ ابریشمی اور بازو جسکو عربی مین عضد کہتے ہین و مسافت انگلیون سے آرنج تک اور فاصلہ دونو ہاتہہ کا جب ایکن سے کہلے ہوئے ہون مخفف ارش۔
رَشْ ع ٹپکنا پانی کا اور تھوڑا برسنا بارش کا۔

رائے بامیم

رَمِش ف بھاگنا علیحدہ ہونا الگ ہونا۔

رائے بانون

رنجش ف رنج کرنا دل مین کینہ رکھنا۔
رَنْدَش ف وہ لکڑی کے چھلکے جو رندہ کرنے سے گرتے ہین۔

رائے باواو

روکش ف شرمندہ کرنے والا حریف و مقابل و روبرو ہونیوالا۔
رَوِش ف رفتار و طرز اور باغ کے راستے
روزبخش ف پہلا دن قسمت کا و ن روز اول
روپوش ف پردہ دار و ستردار جو پردے مین بیٹھے۔

رائے بایائے

ریزش ف ڈالنا گرانا اور زکام جو مشہور بیماری ہے۔
ریش ف بیائے مجہول زخمی ہونا زخم و بیائے

معروف ڈاڑھی اور ڈاڑھی کے بال اور
عربی مین مرغ کے پر۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف زاے اور اخیر مین شین ہے

زائے با بائے

زبان فروش بدگو وبسیارگو ویاوہ گو آدمی

زائے با رائے

زردگوش ف منافق ومذبذب الحال جو
دل سے کچھ ہو اور زبان سے کچھ۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف سین اور اخیر مین شین ہے

سین باالف

سازش ف اتفاق محبت یکجہتی جو دو شخصون مین ہو

سین با بای فارسی

سُپش ف کرم جو بالون مین پڑجاتا ہے یعنے جون
سُپارِش ف سونپنا کسیکو کسیکے ہاتھ مین

سین با تار

ستایش ف تعریف کرنا صفت کرنا سراہنا

سین با رائے

سریش ف مشہور چیز ہے جس سے لکڑی چپکاتے ہین
سرخش ف حصہ اور بڑا حصہ اور قسمت جو کسیکو ملے
سرجوش ف اصلی شراب یا عرق جو پہلے نکالا جائے
سرپوش ف ڈھکنا ہنڈیا یا کسی اور چیز کا۔
سرخوش ف خوشحال اور نشے مین مستی کی حالتین
سرزنش ف ملامت وطعنہ جو کسیکو دیا جائے
سرکش ف نافرمان ومتمرد ومتکبر آدمی۔
سروش ف فرشتہ اور نام روز ہفدہم ماہ شمسی
سرآغوش ف کلاہ زنانہ جو ایران مین
پہنتے ہین۔

سین با سین

سُست ریش ف احمق نادان بیوقوف وجاہل آدمی

سین با فا

سفتہ گوش ف غلام وکنیزک ومطیع
وخادم ونوکر۔
سفارش ف کسی کی نیکی مین کوشش
کرنا سونپنا۔

سین با کاف

سگالش ف فکر واندیشہ جو کسی کام مین
کیا جائے۔

سین با نون

سناکش ف سنان کشیدہ ای سنان دراز لمبی برچھی۔

سین باواو

سوہش ف برادہ جو سوہان سے گرتا ہے

سوزش ف جلنا آگ یا کسی اور چیز سے

سین بایا

سیاوش ف پسر کیکاوس داماد افراسیاب جو آخر ناحق افراسیاب کے ہاتھ سے مارا گیا۔

سیاہ گوش ف ایک درندہ کا نام ہے کان اوسکے سیاہ ہوتے ہین۔

سیماب درگوش ف مرد غافل اور ناشنوا وسست وکاہل۔

سیم کش ف فضول خرچ جو ناحق مال خرچ کرے

سیب ازلیش ف قسم سیب اصفہان مین

سیامش ف نام ایک بادشاہ کا۔

سیاوخش نام پسر دوم کیکاوس شاہ ایران کا

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف شین اور اخیر بھی شین ہے

شین باالف

شاش معرب چاچ نام شہر جس کو تاشکند کہتے ہین اور فارسی مین پیشاب ہندی موت۔

شاباش ف آفرین مخفف شادباش کے لفظ کا

شین بابا

شب پوش ف جامہ خواب وکلاہ جو رات کو پہنکر سوئین۔

شین باشین

ششش ف ستہ یعنے چھہ شمار وعدد مین اور بضم اول شش پھیپھڑا جو ہر ایک اندرونی عضو ہے۔

شین باکاف

شکرخش ف نمونہ کسی عمدہ چیز کا۔

شین باہا

شہرتاش ف ہمسایہ اور ایک شہر کے رہنے والا اور ہم وطن۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف صاد اور اخیر مین شین ہے

صاد باالف

صاحب فراش ف بیمار وناتوان جو فرش پر پڑا رہتا ہو۔

صاد باحا

صحرانورش ف صحرانورد یعنے جنگل مین پھرنے والا آدمی ۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف طا اور آخیر مین شین ہے

طا با الف

طاؤس عرش ف جبرئیل علیہ السلام جو مشہور مقرب فرشتہ ہے ۔

طا با یاء

طے کش ف جو شخص طے کا روزہ رکھے اور طے کا روزہ رکھنے والا تین دن کے بعد کھانا کھاتا ہے ۔

طیش ف سبک ہونا بے عقل ہونا خطا ہونا تیر کا نشانہ سے ۔

طیاش ع بیہودہ آدمی پر غضب و کینہ ور آدمی ۔

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف عین اور آخیر مین شین ہے

عین با راے

عرش ع تخت اور سقف یعنے چھت ہر ایک مکان کی ۔

عریش ع کانٹہ و کلبہ دہقان و چ دونے بست جسپر انگور کی بیل چڑہاتے ہین ۔

عین با شین

عش ع آشیانہ مرغ جسمین مرغ رہتا ہے

عین با طاء

عطش ع تشنگی یعنے پیاس پانی کی خواہش

عطاش ع بے تشدید طا بیماری تشنگی جس سے آدمی پانی بہت پیتا ہے ۔

عطاش ع تشنگان یعنے بہت سے پیاسے لوگ

عین با میم

عمش ع بیماری ضعف البصر و اجراے اشک جس سے نظر ضعیف ہو جاتی ہے اور آنسو جاری رہتا ہے ۔

عین با نون

عنان گردش ف گھوڑا پھیرنا چابک سواری کرنا

عین با یاء

عیش ف خوش زندگانی کرنا آرام سے رہنا بے غم رہنا ۔

عیاش ف خوش زندگانی کرنیوالا آرام سے رہنے والا بے غم و بے فکر آدمی ۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف غین اور اخیر مین شین ہے

غین باالف

غاشیہ بافان ریش ف مردمان مسخرہ یعنے بھانڈا اور بھاٹ وغیرہ۔

غین بابائے

غبن فاحش ف خسارہ صریح کسی لین دین مین واقع ہو۔

غین بارائے

غرش ف آواز کرنا ہیبت دکھلانا خشم نمائی کرنا۔

غین باشین

غِش ع کدورت جو دل مین پیدا ہو۔
غَش ع ظاہر کرنا برخلاف ارادہ دل کے اور خیانت کرنا اور چاندی سونا وغیرہ بیش بہا چیز و کہوٹ ملانا اور بیہوش ہونا باستعمال لفظ کردن کی فارسی مین۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف فا اور اخیر مین شین ہے،

فا باالف

فاش ف آشکار او ظاہر یعنے ہر ایک کے روبرو
فاپیش ف مخفف فراپیش یعنے آگے اور مقابل و روبرو۔
فاحِش ع بدی سے گذرنے والا اور بدی حد سے زیادہ۔

فا باتا

فتش کہودنا اور جستجو کرنا تلاش کرنا کسی چیز کا۔

فا باحا

فحش ع حد سے گذرنا بدی کا ارتکاب کبیرہ گناہون کا۔

فا بارائے

فرِنیش ع تاخت و تاراج کرنا لوٹ مار کرنا
فرْش ع بچھونا بساط جو بچھایا جاتا ہے۔
فراموش ف بھول چوک۔
فِراش ع جامہ خواب و فرش و بساط جو بچھایا جاتا ہے۔
فَراش ع پروانہ جو جانور مشہور ہے اور شمع پر گرتا ہے۔

فرو کش ف اترنے والا اور مقام اترنے کا جہاں کوئی اوترے ۔

فرّاش ع فرش بچھانے والا جو فرش بچھائے

فروش ع بیچنے والا چنانچہ کتاب فروش و غلہ فروش وغیرہ ۔

فا باشین

فش ف مراد فروش یعنے مانند و بمعنے شملہ دستار و موئے یال اسپ ۔

فشافش ف آواز سانپوں کے لڑنے کی اور وہ آواز جو تیر چلانے کے وقت نکلے ۔

فا بانون

فنجوش ع لوہے کا میل جو لوہے کے گلانے کے وقت نکلتا ہے ۔

فا باواو

فواحش جمع فحش برایان و بدکاریان اور کبیرہ گناہ ۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف قاف اور اخیر مین شین ہے

قاف باالف

قاش ت آبرو اور پھانک خربوزہ وغیرہ کی ۔

قاف باراے

قریش ع نام قوم شریف عرب جس قوم مین سے حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم تھے اہل اسلام مین یہہ قوم شریف شمار کیجاتی ہے

قاف بازاے

قزلباش ف سرخ سر و نام قوم مرید شاہ اسمعیل صفوی جو سرخ تاج پہنتے تھے ۔

قاف باشین

قش ع بعلاغری کے فربہ ہونا مفلسی سے دولتمند ہونا ترقی کرنا ایک بدحالت سے نیک حالت پر

قاف بالام

قلاش ع مخفف قل ما شئت یعنے بگو ہرچہ میخواہی کہو جو کچھہ تیرے دل مین تہا ۔

قلّاش ع مرد بے نام و ننگ و مفلس و بے خبر و لوند و بے عزت و بے آبرو ۔

قاف بامیم

قماش ع رخت و اسباب و متاع خانہ و جامہ ابریشمی و جوہر صنعت ۔

قاف باواو

قوش ت مرغ شکاری جو اور جانوروں کا شکار کرے ۔

بیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف کاف اور اخیر مین شین ہے

کاف باالف

کاوش ف کہوج نکالنا تلاش کرنا جستجو کرنا
کاہش ف کم ہونا نقصان مین پڑنا گہٹ جانا۔
کاشِ خ کلمۂ آرزو و افسوس ف نام شہر و شیشہ و آبگینہ۔
کاویانی درفش ف نام علم جو فریدون بادشاہ نے بنایا تہا
کاوریش ف احمق و بے وقوف و بے عقل و نادان آدمی۔

کاف بابار

کبش ع گوسپند نر و میش نر شاخدار جس کو لڑاتے ہین۔

کاف باذال

گدازش ف گلنا۔

کاف باراے

گرفش ف چلپاسہ یعنے چہپکلی جو مشہور جانور ہے
گرش ف شکنبہ یعنی اوجہڑی چارپایہ جانور کا معدہ
گرایش ف میل و رغبت و توجہ۔
گردش ف دورہ کرنا پہرنا گشت کرنا۔
گردبالش ف چہوٹا تکیہ جو رخسار کے نیچے رکہتے ہین۔

کاف بازاے

گزارش ف ادا کرنا بیان کرنا ظاہر کرنا۔

کاف باشین

کشاکش ف کہینچ تکلیف کدورت غصہ رنجش
کشایش ف فراخی و کشادگی یعنے کہلنا وسعت مین آنا۔
کشش ف کہینچ و رغبت و جذب جو کسی چیز کی نسبت ہو۔
کشمش ف سوکہی انگور اور داکہہ سوکہی ہوئی
کش ف بغل و کرد و سینہ نام شہر ماورالنہر مین۔
کشیش ت معلم کفار کافرون کی تعلیم دینے والا۔
گش ف خوش رفتار اور اچہی چال چلنے والا آدمی۔

کاف بافا

کفش ف جوتا زیر پاے جو لوگ پاون مین پہنتے ہین۔

کاف بانون

کنگاش ت مشورہ و صلاح جو کسی کام کیلئے آپس مین کرین
کنگش ت مشورہ و تجویز جو آپس مین کرین
کنش ت کینہ جو دل مین ہو۔
گنجایش ف سمائی کسی چیز کی کسی جگہہ مین ہو۔
کنش ف عمل و کردار و افعال جو انسان سے سرزد ہون۔

کاف باواو

گورنش ت ٹہرا چہڑتا سلام کرنا تسلیم دینا جہک جانا۔

کوکلتاش ف برادر رضاعی دودہ کا بہائی

گوارش ف خوش مزگی و ہضم طعام و نام دوائی مرکب بشرطیکہ خوش مزہ ہو جوارش اسکا معرب ہے

گوش ف کان و مخفف گوشہ اور نام چودہوین تاریخ ماہ شمسی کا۔

کوشش ف سعی جو کسی کام مین کیجائے

کاف بایار

کینہ کش ف وہ شخص جو دل مین غصہ رکہے

کیش بیائے مجہول خوئے و عادت و دین و مذہب و نام شہر جزیرہ بحر فارس مین اور ترکش تیرون کا و نام جامہ قسم کتان و نام جانور جسکی چمڑی کی پوستین بناتے ہین و درخت شمشاد

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف لام اور آخر مین شین ہے

لام باالف

لاش ف تن مردہ اور عربی مین مخفف لاشے یعنے ہیچ و ناچیز۔

لام بابار

لبشین ف چاشنی جو کہانے مین سے چکھہ لیتے ہین۔

لام باغین

لغزش ف پہسلنا پاؤن کا برعکس پڑنا تدبیر کا۔

لام بانون

لنک سرکش ف ایک کشتی کے داؤ کا نام ہے۔

لام باواو

لواش ت نرم اور پتلی گیہون کی روٹی جسکو پہلکا کہتے ہین۔

لوش ف بواؤ مجہول لیمہ خیمہ و بیہوش و احمق و مست و کج دہن و جذامی و گل ولائی یعنی کیچڑ

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف میم اور آخر شین ہے

میم باالف

ماش ف مشہور غلہ ہے جسکو مونگ وارڈ کہتے ہین۔

مالش ف ملنا کسی دوا کا جسم پر یا ہاتہ ملنا افسوس کی حالت مین علی ہذا القیاس۔
مادر آب و آتش ف کنایۃً برق یعنی بجلی
ماریکر درفش ف کنایۃً شب یا آسمان۔
مالید گوش ف اسے ہوشیار کردیعنی خبردار کیا

میم با باء

مبیش ف امالہ مپاش یعنی مریز مت گرا اور مت بکہیر۔

میم با تار

متعطش ع تشنہ یعنی پیاسا جسکو پانی کی خواہش ہو۔
متفتش ع ڈہونڈنے والا جستجو و تلاش کرنے والا۔
متوحش ع وحشت زدہ دیوانہ وحشی بے خبر
مترشش ع مرد ریش تراشیدہ یعنے جسکی ڈہری کتری ہوئی ہو۔

میم با حار

محتوش ع جلا ہوا آلودہ ہوا ہوا و مکروہ ماخوذ حش سے جسکے معنے آگ جلانیکے ہین۔

میم با خار

مخدوش ع خراشیدہ شدہ یعنے چہیلا ہوا اور پوست اوتارا ہوا۔
مخروش ع چہیلا ہوا پراگندہ و پریشان ہوا ہوا۔

میم با دال

مدہوش ع متحیر و بے خبر یہہ لفظ عربی ہے مستعمل فارسی مین بمعنے مست و بے ہوش۔

میم با رے

مرزنجوش و مرزنگوش قسم ریحان خوشبودار ہندی مین اسکو مدونہ کہتے ہین
مرتعش رعشہ دار و لرزان اور وہ بیمار جسکو رعشہ ہو۔
مرعش ع بازیگر کتوبر یعنی کتوبر بازی لگانے والا۔
مرعش ع شام مین ایک شہر ہے۔
مریش ف ریش مکن یعنے زخمی نکر صیغہ نہی ہے
مرشوش ع چکیدہ شدہ و پاشیدہ شدہ یعنے ٹپکا ہوا و گرایا ہوا۔

میم با سین

مستوحش ع وحشت ناک جسکے دیکہنے سے وحشت پیدا ہو

میم با شین

مشوش ع پریشان کرنیوالا پراگندہ کرنے والا۔
مشوش ع پریشان کیا گیا پراگندہ کیا گیا۔
مشمش ع زرد آلو د خوبانے جو ایک قسم کا میوہ ہے
مشت و درفش کنایۃً امر دشوار جس کا کرنا دشوار ہو۔

میم با عین

معاش ع زندگانی کرنا اور جس چیز سے

تعجب نہ کرین یعنے دنیا۔

مَعَایِش ع اسباب زندگانی اور معیشت کا سامان

مَعْشُوش ع جمع کیا گیا کسب کیا گیا پلیدین ساگیا

معطش ع پیاس لگانے والی چیز۔

میم با غین

مَغْشُوش ع خیانت کیا گیا جسمین ناقص ملایا گیا

میم با فا

مَفْرَش ع جامہ خواب بچھونے کا مقام بستر فرش

مَفْرُوش ع فرش کیا گیا بچھایا گیا۔

مَفْشُوش ع سست و بے عقل و نادان

و بیوقوف آدمی۔

مُفَتِّش ع ڈھونڈنے والا جستجو کرنے والا

میم با قاف

مُقَدِّمَةُ الْجَیش ع جو لشکر کے آگے بھیجا گیا

ہو سب سے اگلا لشکر۔

مُقَیَّس ع تار ہائی نقرہ جو چوڑی کی گئی ہون

میم با نون

مَنْقُوش ع نقش کیا گیا لکھا گیا نقشہ

اوتارا گیا۔

مَنْفُوش ع دُھنی ہوئی روئی یا پشم نداف

کی کمان سے۔

مِنْقَاش ع موچنا بال اوکھاڑنے کا اور ناخن گیر

مِنَش ع طبیعت و خوی انسان عادت

جو انسان کی ہو

مَنْجُوش ع ماہچہ علم یعنے مچھلی کی شکل جو علم

پر بناتے ہین۔

مَنْیُوش ع کلمہ نہی کا ہے یعنے مت سُن

کان مت رکھہ۔

میم با واو

مُوش ف چوہا جو مشہور جانور ہے عربی مین

اسکو فار کہتے ہین۔

مُوَحِّش ع بروزن مصور وحشت دینے والا

دیوانہ بنانے والا۔

مُوَحَّش ع وحشت دیا گیا جسکو وحشت

حاصل ہوئی ہو۔

مُوحِش ع اندوہگین کرنے والا غمناک

کرنے والا۔

میم با ہا

مَہْوَش ف خوب صورت۔

میم با یا

میشکوش ف نام ایک غلام کا۔

میخوش ف مزہ ترش و شیرین مثلاً سکنجبین

میش ف بھیڑی جو مشہور چارپایہ ہے۔

میز آتش ف دارو غہ آتشخانہ افسر آتشخانہ

میفوش ف شراب پینے والا یعنے جس کو

شراب پینے کی عادت ہو۔

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین شین ہے

نون باالف

ناتراش ف بے ادب سفلہ ناخواندہ بیوقوف جاہل آدمی ۔

نائو نوش ف نغمہ و شراب عیش و عشرت و محفل شراب کی ۔

نان خورش ف سالن روٹی کا جس کے ساتہہ روٹی کہایئن ۔

ناعِش ع زندگی دینے والا آسودگی و آرام بخشنے والا ۔

نازبالش ف نرم تکیہ جو امیرون کی مسند پر ہوتا ہے ۔

ناخوش ف غمناک و اندوہگین و دلگیر آدمی ۔

نالش ف فریاد کرنا رونا حاکم کے آگے کسی کے ظلم سے ۔

نون باباء

نبش ع کفن دزدی یعنے کفن چور جو مردون کے کفن اوتارے ۔

نون باتاء

نتش ع بال اوکہاڑنا پر نوچنا کانٹا نکالنا کسی کے پانوسے ۔

نون باراء

نرمہ گوش ف کان کی لو یعنے نرم گوشت کان کے نیچے کا ۔

نرمیش ف بہیڑ اور مینڈہا جو مشہور چارپایہ ہے ۔

نون باشین

نشش ع سایہ درخت کا اور مقام سایہ دار جہان درخت ہون ۔

نون باعین

نعش ع مردہ کا جسم جسکو لاش بہی کہتے ہین ۔

نون باقاف

نقش ع کسی چیز کی شبیہہ جو اصل کے مطابق ہو اور عام تحریر جو کسی کاغذ وغیرہ پر لکہی ہو ۔

نقاش ع لکہنے والا اور نقش کرنے والا ۔

نقوش ع بہت سے نقش جو لکہے ہوئے ہون ۔

نون باکاف

نکوہش ف سرزنش و ملامت و بدگوئی و بدکلامی ۔

نون باگاف

نگارش ف لکہنا نقش کرنا کاغذ وغیرہ پر ۔

نون بامیم

نمش ع ایک بیماری کا نام ہے جس سے
بدن پر سیہ داغ پڑ جاتے ہین۔
نمکش نمک چھکنا ہنڈیا وغیرہ سے۔
نمائش ف دکھلاوٹ اور ظاہرداری۔

نون با واو

نوش ف شیرین و گوارا یعنے وہ طعام
جو ذائقہ دار ہو۔
نوازش ف مہربانی و شفقت جو کسی کے
حال پر کیجائے۔

نون با ہاء

نہش ف گزنی اور سانپ کا کاٹنا اگلے
دانتون سے۔

نون با یاء

نیائش ف زاری و تحسین و آفرین و دعا
و ثنا و عجز۔
نیوش ف بشنو یعنے سُن اور سُننے
والا شخص۔
نیش ف دندان نوک دار سگ و خوک وغیرہ کے

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف واو اور اخیر مین شین ہے

واو با حاء

وحش ع جمع وحشی یعنے بہت سے وحشی
جانور جنگلی۔
وحوش ع جمع وحش یعنے جمع جمع
بیشمار وحشی۔

واو با خاء

وخش ف نام ایک شہر کا ہے۔
وخش ع نام بیماری جو چارپاؤن کو
پاؤن مین ہوتی ہے

واو با راء

ورزش ف ڈنڈ پیلنا کثرت کرنا یا کشتی
کے استعمال کے لئے۔

واو با زاء

وزش ف ہوا کا چلنا و زمین کے بہی یعنی [illegible]

واو با شین

وشّ ف خوب و خوش و نظیر و مانند و نام شہر
ترکستان مین و قسم بافتہ ابریشمی شملہ و دستار

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے
اوّل حرف ہاء اور اخیر مین شین ہے

ہائے با رائے

ہِرائش ع وقتے استفراغ وشگوفہ جو نیکلے۔
ہُراش ع کتوں کو لڑنے کے لیے برانگیختہ کرنا

ھائے باشین

ہَشَش ع شادان وکشادہ یعنے خوش اور کہلا ہوا۔
ہُشِش ع مخفف ہوش جو مشہور لفظ ہے
ہَشاش ع خندان رو وکشادہ پیشانی

ھائے باواو

ہوش ف زیرکی ودانائی وجان ومرگ وہلاکت
ہورخش ف سورج یعنے آفتاب۔

چہبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف یا اور اخیر مین شین ہے

یا با الف

یازش قصد ارادہ جو کسی کام کے انجام کے لیے کیا جاے۔

یا با تا

یَتِمش ت بمعنے رسیدہ یعنے پہونچا۔
یتورمش ت رسانیدہ یعنے پہونچایا۔

یا با واو

یُوَاش ت اسپ کو تلو اسپ نجیب رفتار نرم چلنے والا گہوڑا۔
یُورُتمِش ت دشمن پر حملہ کرنا سواری کرنا

چودہوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف صاد ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین

اس مین اٹھارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اوّل حرف الف اور اخیر مین صاد ہے

الف با با

اَبرَص وہ شخص جسکے بدن پر سفید داغ ہون اور برص اس بیماری کا نام ہے۔

الف با جیم

اِجّاص ع ایک قسم کا آلو ترش ہوتا ہے اور دوا مین مستعمل ہے۔

الف با خا

اَخَص ع خاص تر یعنے وہ شخص جو کسی کے

نہایت خصوصیت رکھتا ہو۔

اِخلَاص ع دوستی محبت پیار اور دل سے چاہنا

اَخمَص ع میانہ کف پا جو زمین پر نہین لگتا۔

اِختِصَاص ع خصوصیت پانا خاص ہونا۔

الف با سین

اِستِرخَاص ع رخصت چاہنا فرصت مانگنا

اِستِخلَاص ع چھوڑنا رہائی دلانا کسیکو۔

الف با شین

اَشخَاص ع جمع شخص کی یعنے بہت سے لوگ

الف با عین

اَعوَاص ع دشوار کرنا کلمہ کا دشمن پر سخت گیری کرنا

الف با قاف

اِقتِنَاص ع شکار کرنا کسب کرنا کوئی کام کرنا۔

الف با میم

اِمتِصَاص ع مکیدن یعنے چوسنا کسی چیز کو جسے لذت ملے

الف با نون

اَنقَص ع کمتر و عیبناک یعنے بہت ناقص و ناتمام۔

اَنقَاص ع کمی یا عیبہا بہت سے نقصان و عیب

اِنقَاص ع کم کردن یعنے ناقص کرنا کمی مین ڈالنا

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے

اوّل حرف با اور اخیر مین صاد ہے

با با را ے

بَرَص ع بیماری کا نام ہے جس سے داغ سفید انسان کے جسم پر یا سیاہ پڑ جاتے ہین۔

تیسری فصل

